از دفتر مہتمم جنگلات حدبندی ڈویژن پونچھ راولاکوٹ

ٹینڈر نوٹس

حدبندی جنگلات ڈویژن پونچھ راولاکوٹ کو تعمیر پختہ برجیات کے لیے "اے کلاس" رجسٹرڈ ٹھیکیداران محکمہ جنگلات، جن کی رواں مالی سال کے لیے تجدید رجسٹریشن ہو چکی ہو سے لاٹ وائز Single Envelop کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر فارم مورخہ 13/01/2022 تا 15/01/2022 دفتری اوقات کار میں دفتر ڈویژن ہذا سے بالعوض رقم مبلغ -/1500 روپے فی فارم حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 17/01/2022 کو بوقت 12:30 بجے باکس کیے جائیں گے جو اُسی روز بوقت 13:00 بجے ٹینڈر دھندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ تفصیل تعمیر برجیات بذیل ہے۔

لاٹ نمبر	نام علاقائی فاریسٹ ڈویژن / رینج	تعداد پختہ برجیات
01	فاریسٹ ڈویژن پونچھ راولاکوٹ (رینج راولاکوٹ)	600
02	فاریسٹ ڈویژن باغ	800
03	فاریسٹ ڈویژن سدھنوتی	800
04	فاریسٹ ڈویژن حویلی کہوٹہ	700
05	فاریسٹ ڈویژن پونچھ راولاکوٹ (رینج ہجیرہ)	600

شرائط:۔

۱۔ ٹینڈر Printed Form پر مقررہ وقت پر دینا ہوگا۔

۲۔ ہر لاٹ کے لیے الگ الگ ٹینڈر فی برجی کے حساب سے دینا ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر کے ہمراہ Bidding Price کا 2% بطور Bid Security بشکل کال ڈیپازٹ بنام مہتمم جنگلات حدبندی ڈویژن راولاکوٹ جمع کروانا ہوگا۔ بدوں کال ڈیپازٹ ٹینڈر فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

۴۔ کسی بھی بلیک لسٹ شدہ ٹھیکیدار کو ٹینڈر فارم جاری نہیں کیے جائیں گے۔ خواہش مند ٹھیکیدار اس امر کی تصدیق کے لیے ٹینڈر فارم کے ساتھ مصدقہ بیان حلفی شامل کرنے کے پابند ہوں گے۔

۵۔ ایسے ٹھیکیدار یا اُن کے مجاز نمائندگان کو ٹینڈر فارم جاری کیے جائیں گے جو اپنی بنک سٹیٹمنٹ اور گذشتہ دو سالوں کے دوران برجیات کی تعمیر کا تجربہ / ریکارڈ شامل کریں گے۔

۶۔ ٹینڈر فارم صرف اُن ٹھیکیداران کو جاری کیے جائیں گے جو آزاد کشمیر میں NTN کا ثبوت درخواست کے ساتھ منسلک کریں گے۔

۷۔ برجیات کی تصریحات / ڈیزائن کسی بھی وقت دفتری اوقات کار کے دوران ڈویژن ہذا سے ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

۸۔ مشکوک / مشروط ٹینڈرز قابل قبول نہیں ہوں گے۔

۹۔ کامیاب ٹھیکیداران اقرار نامہ واجرائیگی ورک آرڈر کے بعد موقع پر حسب نشاندہی عملہ حدبندی جنگلات کام شروع کرنے اور مقررہ معیاد کے اندر کام کی تکمیل کرنے کے پابند ہوں گے۔

۱۰۔ بلات Work done سے دس فیصد Retention Money بطور سکیورٹی ڈیپازٹ منہا کیا جائے گا۔

۱۱۔ بلات سے منہا شدہ Retention Money تعمیرات نقائص نہ ہونے کی صورت میں Maintenance Period (عرصہ چھ ماہ) پورا ہونے کے بعد واگزار ہوگی۔

۱۲۔ جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی رائج الوقت شرح کے مطابق بلات سے عمل میں لائی جائے گی۔

۱۳۔ بجٹ پروویژن کے مطابق تعداد برجیات میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

۱۴۔ زیر دستخطی کو AJK PPRA رولز کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری سے قبل ٹینڈر مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۱۵۔ محکمہ کے نادہندہ ٹھیکیداران بالواسطہ یا بلاواسطہ ٹھیکہ جات میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔ اگر اجرائیگی ورک آرڈر کے بعد یہ معلوم ہوا کہ اصل ٹھیکیدار کے بجائے سابقہ نادہندہ ٹھیکیدار یا نمائندہ کام کر رہا ہے۔ تو رقم اس ٹھیکہ میں موصول کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا۔

(سردار واجد آزاد خان)

مہتمم جنگلات